○ حصولِ غنایا الشائش کے لئے بعد نماز عشا اول و آخر

درود شریف اور درمیان میں تینتیس (۳۳) مرتبہ
یَا وَهَّابُ پڑھے۔ اور پھر سو بار یہ دعا پڑھے۔
یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَةِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

○ کشائش فجر کی نماز میں سنت اور فرض کے درمیان
درج ذیل وظیفہ ایک سو ایک مرتبہ (۱۰۱) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھیں اور دعا مانگیں۔

○ نظرِ بد اور چشم حسد سے بچنے کے لئے یا جو بھی مقصد
ہو طلب کرنے کے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ مع بسم اللہ
کے درج ذیل ورد پڑھیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَ
بَقَائِهٖ یَا حَیُّ

○ عدالت میں کامیابی کے لئے پہلے دو رکعت نماز توبہ
اور دو رکعت برائے کامیابی پڑھ کر اول و آخر درود شریف
۳۰، ۳۰ مرتبہ پڑھیں۔ اور درمیان میں ایک سو اکیس
مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔

حَسْبِیَ اللّٰهُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ

○ شادی یا حصول ملازمت پہلے دو رکعت نماز توبہ اور دو رکعت نماز برائے مقصد پڑھ کر درج ذیل آیت کو ایک سو اکیس بار مقصد کو پیش نظر رکھکر پڑھیں۔ شادی کے لئے یا ملازمت کے لئے اور جب مقصد بر آئے حضرت صحوی شاہ علیہ الرحمہ کے نام پہ کسی بھی اشیاء پر فاتحہ دے کر تقسیم کر دیں۔ آیت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ○۔

○ بھانامتی یا ردّ سفلی عمل کے لئے | جہاں کہیں بھانامتی کا اثر ہو وہاں خود اپنے آپ پر تین مرتبہ آیۃ الکرسی اور تین مرتبہ سورۂ فلق اور تین مرتبہ سورہ ناس پڑھ کر دم کر لیں۔ اور مکان یا دوکان میں جہاں کہیں ہو اس مقام میں جا کر چاروں طرف رُخ کر کے اذان دے اور گلے کے گوشت کے پانی پر آیۃ الکرسی اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس تین، تین بار پڑھ کر دم کریں۔ اور پانی مقامات مذکور کے چھتوں پر ڈالیں اور دروازوں میں اور صحن میں

چھپکلیں اور اگربتیوں پر درود شریف

ہر مقام کے کونوں میں بھی اِدھر کمرے کے مکان میں چار کونوں پر لگائیں۔ پھر وقفہ وقفہ سے اذان دیں۔ اور

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

کا بھی ورد کرتے جائیں اور یہ کہیں کہ حضرت صحوی شاہ کی دہائی ہے غزنوی شاہ کی اجازت ہے۔

○ نیک جن۔ اگر کہیں کوئی نیک جن کسی پہ وارد ہو جائے (خدانخواستہ) تو اُس مریض کے سیدھے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہیں۔ اور اس سے کہدیں کہ چلے جائے" ورنہ گندی اشیاء بول و براز میں لکڑی ڈبو کر جس پر وہ وارد ہو اسے لگائیں یا لکڑی سے ماریں اور کہیں کہ حاکم سلیمان بن داؤد علیہ السلام کی دہائی ہے اور غزنوی شاہ کی اجازت ہے بھاگ جا۔

○ ہر موذی جانور سے امان درج ذیل آیت کو (۲۱) مرتبہ پڑھ کر جہاں چلے جائیں۔

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ

○ کاروبار میں خیر و برکت کے لئے کثرت سے استغفار پڑھیں، نماز کی پابندی کریں۔ درود شریف کا ورد

رکھیں خیر خیرات کریں۔ اور اس دعا کو ایک سو اکیس بار پڑھیں
(اول و آخر درود شریف ضرور پڑھیں)

بِفَضْلِكَ يَا عَزِيْزُ يَا وَهَّابُ - اَغْنِ

فَقْرِيْ وَلِيَسِّرْ اَمْرِيْ ٥

○ شراب سے نجات جو آدمی شراب کا عادی ہو اس کی علت چھڑانے کے لئے اول و آخر درود شریف پڑھ کر ایک سو اکیس مرتبہ ان اسماء کو پڑھے اور پانی پر دم کرکے پلائے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور فائدہ ہوگا۔ "یا قوی یا ھادی"

○ چھوٹے بچے اگر قئے کرتے ہوں تو ان اسماء کو لکھ کر پلا دیں وہ اسمائے مبارک حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادوں کے ہیں۔

طیب ــ طاہر ــ قاسم

○ جسے نیند نہ آئے۔ درج ذیل آیت کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کر سو جائیں یعنی آنکھ بند کر لیں اور لیٹ کر (۱۰۰) ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔

آیت :- وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ -

ائے عاشورہ ۔ ۱۰ محرم الحرام کے مقدس دن دو

فل نماز برائے ایصالِ ثواب سیدنا امام حسین علیہ السلام

ور اس کا ثواب پہونچا کر۔ درج ذیل دعا (۱۰۸)

محہ بار پڑھیں ابتدا اول و آخر درود شریف ۳، ۳

ھ لیں۔ دعا :۔

لٰھی بِحُرْمَۃِ الْحُسَیْنِ وَاَخِیْہِ وَاُمِّہٖ

وَجَدِّہٖ وَبَنِیْہِ فَرِّجْ عَمَّا اَنَا فِیْہِ

اخلہ وَعَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

لئے حاجت: دو رکعت نماز برائے قضاء حا

قصد پڑھ کر درج ذیل آیت ایک ہزار چار سو انہتر

(1469) بار پڑھ کر دعا کریں۔ اول و آخر درود

۳، ۳ بار پڑھ لیں۔ آیت :۔ سَلٰمٌ

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۔ (جمعرات سے شروع

مقصد پورا ہونے تک روزانہ پڑھتے رہیں کم از کم

ے)

عد نماز مغرب دو رکعت نماز اپنے مقصد کو پیش نظر

رکھ کر پڑھیں اور ننو مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھیں اول و
آخر درود شریف (۳، ۳) مرتبہ پڑھ لیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الْکَرِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا قَدِیْمُ یَا دَائِمُ یَا حَیُّ
یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ۔ (جمعرات
سے عمل شروع کریں اور چالیس دن تک جاری رکھیں)
○ ہر مقصد کی برآری حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
سے روایت کی گئی دعا جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ
سے مروی ہے۔ صلاۃ الحاجت (اکیس دن تک
عمل کریں۔ (جو بھی مقصد ہو پیش نظر رکھ کر) چار رکعت
ایک سلام سے پڑھے پہلی رکعت میں دس بار سورہ
اخلاص یعنی قل ھو اللہ احد۔ پڑھے دوسری
میں بیس۲۰ بار تیسری رکعت تیس۳۰ بار اور چوتھی رکعت
میں چالیس بار اور پھر سلام پھیر کر پچاس بار سورہ اخلاص
پچاس بار حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہ درود بھیجیں
(جو بھی یاد ہو) پھر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
العلی العظیم پچاس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا

کریں انشاءاللہ دعا مستجاب ہوگی۔ اگر فقیر ہو تو غنی ہو جائے گا خبردار بیوقوفوں سے اس کو چھپا کے رکھنا۔ وکان یقول لاتطمو سفہا۔

○ ہمہ مقصد کے لئے (طریقہ گنگوہی) جو بھی مقصد ہو پیش نظر رکھ کر دو رکعت نماز توبہ پڑھ کر پھر دو رکعت نماز برائے حصول مقصد پڑھ کر درج ذیل اسماء کو ۲۱ اکیس مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود شریف ۳، ۳ بار پڑھیں اس عمل کو جمعرات سے شروع کریں اور چالیس دن تک جاری رکھیں عمل :-

اَللّٰھُمَّ یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ یَامُفَتِّحُ فَتِّحْ
یَامُفَرِّجُ فَرِّجْ یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ
یَامُتَمِّمُ تَمِّمْ یَارَبِّیْ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ
یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ
یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ
وَسَلِّمْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

○ اپنا بنانے کے لئے۔ اگر کوئی آفسر یا جس سے ہم کو کام جو کہ سخت دل ہو اس کو اپنانے کے لئے درج ذیل دعا کو روزانہ (۱۲۱) ایک سو اکیس مرتبہ پڑھیں۔
مگر پہلی جمعرات کو صرف گیارہ مرتبہ شروع کریں مکمل جمعرات سے شروع کر لیا تو بہت مجربہ ہے۔

○ یا امام کرم فلاں بن فلاں کو کر دموم آپ کے فضل سے وکرم سے پتھر ہوا موم بحق لا الٰہ الا اللہ مُحمّد رسول اللہ ○

(فلاں بن فلاں کی جگہ اپنے مقصود کا نام لیں)۔

○ استخارہ عجیب۔ خواب میں معلوم ہو جو بھی مقصد ہو پیش نظر رکھ کر جمعرات کے دن عشاء کی نماز پڑھ کر دو اگربتی جلا کر ایک ہزار بار یہ وظیفہ پڑھیں آخر میں ایک بار کہیں) ایک ہفتہ تک عمل کریں۔ (انشاء اللہ خواب سب معلوم ہو جائے گا) غوثوی شاہ کی اجازت ہے) وظیفہ یہ ہے۔

یا بدیع العجائب بخیر امام جعفر صادق حاضر حاضر۔

○ استخارۂ حاضر گیارہ بجے رات کو ایک چراغ پیچھے رکھ کر (۱۱۲۱) مرتبہ پڑھیں اور پہلی جمعرات سے عمل شروع کریں جو بھی مقصد ہو (میں بے خبر ہوں مجھ کو خبر کرو) کے وقت ظاہر کریں، آپ کے سامنے میں سب معلوم ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ (اس عمل کو جاہلوں سے چھپائیں)

عمل:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیکیروحق برحق من اسرار الغیب میں بے خبر ہوں مجھ کو خبر کرو۔

○ تشخیص مرض۔ درج ذیل نقش کو اس کی ترتیب سے اتار لیں مثلاً (۳۱۷) کے بعد (۳۱۸، اور ۳۱۹) ایسی ہی ترتیب سے نقش پُر کر لیں اور (۳۲۰) کے بعد (۳۲۲) سے شروع کریں۔ اور عود لوبان کا دھواں یا اگربتیاں کا دھواں دے کر نقش کو لپیٹ کر مریض کے سیدھے ہاتھ میں تھما دیں اور ہاتھ سیدھا رکھنے کو کہیں۔ ـــــ اگر مریض کے ہاتھ میں وزن معلوم ہو تو آسیب کا خلل ہے اگر ہاتھ میں

جلن ہو یا لرزہ ہو تو سحر ہے اور اگر کچھ بھی نہ معلوم ہو تو مرضِ جسمانی ہے۔

نقش:

٧٨٦

٣١٧	٣٣١	٣٢٨	٣٢٥
٣٢٩	٣٢٤	٣١٨	٣٣٠
٣٢٣	٣٢٦	٣٣٣	٣١٩
٣٣٢	٣٢٠	٣٢٢	٣٢٧

عزمت علیکم یا صلحفشا یا بلخشا
یا یلخفشا یا ملکشفا لتاتنا عصمتم علی
سلیمان بن داود علیہ السلام

پڑھ کر نقش پر دم کریں

○ درج ذیل نقش کو بھی تشخیص مرض کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے طریقہ وہی ہے جو پہلے بتایا گیا ہے البتہ اس نقش کو (٩٢٥٠) سے شروع کریں اور (٩٢٥١) اور (٩٢٥٢) سے مسلسل لگاتار بھرتے رہیں اس پر اگربتی کا دھواں دیں۔ اور

مریض کے ہاتھ میں رکھیں۔ مریض کے ہاتھ میں اگر وزن معلوم ہو تو آسیب
کا خلل ہے۔ جلن یا الماره ہو تو سحر (جادو) ہے اور اگر کچھ بھی نہ ہو تو مرض جسمانی ہے۔

نقش یہ ہے ۷۸۶

۹۲۵۷	۹۲۶۰	۹۲۶۳	۹۲۵۰
۹۲۶۲	۹۲۵۱	۹۲۵۶	۹۲۶۱
۹۲۵۲	۹۲۴۵	۹۲۵۸	۹۲۵۵
۹۲۵۹	۹۲۵۴	۹۲۵۳	۹۲۶۴

○ سلام اولیاء (طریقہ غوثی) "ہر جمعرات
یا پیر کے دن بعد نماز مغرب قبلہ رو ہو کر درج ذیل
سلام پڑھیں۔ جنھیں سلام بھیجا جا رہا ہے وہ
سلام کا جواب ضرور دیں گے جو خود ایک دعا ہے
جس کی وجہ سے ہمیں خیر و برکت حاصل ہوگی اور
ہر بلا و ہر آفت سے محفوظ رہیں گے۔
(مہینے میں ایک بار بھی پڑھا جا سکتا ہے)

○ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ الف. سلام اولیاء (طریقۂ غوثوی) سَلَامٌ عَلَیْکُمْ یَا رِجَالَ الْغَیْبِ۔

یَا رِجَالَ الْغَیْبِ۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَیَّتُهَا السَّادَةُ الْکِرَامُ الْاَوْلِیَاءِ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَیَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَہ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا غَوْثُ الْوَقْتِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُم یا

اِمَامَات

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَقْطَابُ یَا عُمَدُ یَا اَوْتَادُ

یَا اَفْرَادُ۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَبْدَالُ یَا رُقَبَا یَا نُجَبَا یَا

اُمَنَا یَا اَخْیَار یَا رِجَالَ الْغَیْبِ یَا صَالِحِیْن

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا سَیِّدِی مُحی الدین

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا سَیِّدِیْ الحاج بکتاش ولی

اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثَةٍ وَانْظُرُوْا اِلَیَّ بِنَظْرَةٍ وَارْحَمُوْنِیْ

بِرَحْمَةٍ

وَانْصُرُوْنِیْ بِنُصْرَةٍ وَامْدُدُوْنِیْ

بِبَرَکَةٍ وَاَیِّدُوْنِیْ بِالْفَتْحِ الْکَامِلِ

وَبَلِّغُوْنِیْ مَقْصُوْدِیْ (یہاں اپنا مقصد بیان

کریں کہ میرا فلاں کام بنائے)

وَقُوْمُوْا عَلٰی حَوَائِجِیْ بِحَقِّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

علیہ الصّلٰوۃ والسلام

وَاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ سَلَّمَکُمُ اللہُ

فِی الدَّارَیْنِ اَجْمَعِیْنَ

اَللّٰھُمَّ اَسْتَجِبْ دُعَائِیْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

حَسْبُنَا اللہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل ۔

○ صلوٰۃ الحاجت (طریقہ غوثوی) درج ذیل طریقہ کو حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کیا گیا ہے اور بارہا آزمودہ و مجرب ہے ۔

(جو بھی حاجت ہو پیش نظر رکھ کر درج ذیل طریقے کو اپنا کر دعا مانگیں)

● سیف الاولیاء پہلے دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھیں پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے قل یا ایّھا الکافرون ایک مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص ایک مرتبہ پڑھیں ۔

پھر دو ۲ ۔ دو ۲ رکعت نماز ۔ ۱۲ بارہ رکعات

پڑھے ۔ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ سورہ اخلاص ایک بار
پڑھے ۔ پہلے قعدہ میں بعد تشہد ۔ ثنا پڑھے پھر درود
ابراہیم پڑھ کر ۔ سجدہ میں سر رکھ کر ، سات مرتبہ سورہ فاتحہ
اور سات مرتبہ آیتہ الکرسی اور دس مرتبہ لَا اِلٰـہَ اِلَّا
اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر
اور بعد میں یہہ دعا پڑھے ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ
بِمَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ وَمُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ
مِنْ کِتَابِکَ وَبِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ
الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّۃِ اَنْ تَقْضِیْ
حَاجَتِیْ ۔ یہاں اپنا مقصد بیان کرے جو بھی حاجت
ہو مانگے ۔ اور پھر سجدے سے سر اٹھا کر سلام پھیرے
پیغمبر اسلام نے فرمایا کہ اس دعا کو بیوقوفوں کے سامنے
بیان نہ کرے چونکہ یہہ دعوت مستجاب ہے قَالَ
عَلَیْہِ الصَّلوٰۃ وَالسَّلَام لَا تُعَلِّمُوْھَا السُّفَھَاءَ
فَاِنَّھَا دَعْوَۃٌ مُسْتَجَابَۃٌ ۔

حصول مقصد ○ جو بھی مقصد ہو پیش نظر رکھ کر اول و آخر درود شریف

پڑھ کر درج ذیل آیت کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اِنَّمَا اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ۔

○ فتوحات نقوش حصول عزت وحفاظت

حصول عزت وحفاظت کے لئے اس نقش کو ترتیب ذیل کے ساتھ پر کر کے عود لوبان کا دھواں دے کر قرآن مجید کے درمیان سورہ کہف کی جہاں سے ابتداء ہو رکھیں اور پھر نکال کر گلے میں ڈالدیں اس نقش کو جمعہ کے دن فجر کی نماز پڑھ کر پھر سورج طلوع ہونے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر پھر دو رکعت حصول عزت کی نیت سے پڑھ کر اس نقش کو پہلی ساعت میں لکھیں ترتیب اس طرح ہو۔

الٓمٓ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم پھر ان اعداد سے تعویذ شروع کریں۔

۱۳۷ - ۱۳۸ - ۱۳۹ - ۱۴۰ - ۱۸۴
۱۸۵ - ۱۸۶ - ۱۸۷ تا ۴۸ - ۴۹ - ۵۰
۱۰۹ - ۱۰۰ - ۱۱۱ - ۱۱۲ ۔

نقش ۷۸۶

الم الله	لا اله الا ھو	الحی	القیوم
۱۳۷	۱۰۰	۴۹	۱۸۷
۵۰	۱۸۶	۱۳۸	۱۰۹
۱۸۵	۴۷	۱۱۲	۱۳۹
۱۱۱	۱۴۰	۱۸۴	۴۸

○ نقش آیۃ الکرسی۔ ہمارا چیلنج ہے کہ اس کتاب سے پہلے کسی کتاب میں آیۃ الکرسی کا صحیح نقش موجود نہیں ہے احقر نے آیۃ الکرسی کے اس نقش کو مدینہ منورہ میں ایک "صاحبِ حال بزرگ" سے حاصل کیا اور اجازت حاصل کی ہے اور اس نقش کو وہاں ایک عربی کتاب میں بھی دیکھا گیا جو اس کے بالکل مشابہہ تھا اور اس کتاب کا نام ہے "اَلْعِنَایَۃُ الرَّبَّانِیَۃُ فِیْ مُشَاھَدَۃِ الْاَرْوَاحِ الرُّوحَانِیَۃ" مصنفہ حضرت یوسف محمد الھندی الحنیفی القادری الحسنی"

نقشِ آیۃ الکرسی ـــــ درج ذیل ہے۔ ہمہ مقصد

کے حصول اور حفاظت کے لئے آزمودہ ہے۔

۷۸۶

یہاں سے شروع کریں۔

۳۴۹۳	۳۵۰۶	۳۵۰۳	۳۵۰۰
۳۵۰۴	۳۴۹۹	۳۴۹۴	۳۵۰۵
۳۴۹۸	۳۵۰۱	۳۵۰۸	۳۴۹۵
۳۵۰۷	۳۴۹۶	۳۴۹۷	۳۵۰۲

○ نقش لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ تا آخر ○

درج ذیل نقش کو بھی مدینہ منورہ میں ایک صاحب حال بزرگ سے حاصل کیا گیا۔ دوکان یا مکان یا ہر وہ ازن سب کی حفاظت کے لئے یکساں موزوں۔ نقش

۷۸۶

۴۶۳۲	۴۶۴۵	۴۶۴۲	۴۶۳۹
۴۶۴۳	۴۶۳۸	۴۶۳۳	۴۶۴۴
۴۶۳۷	۴۶۴۰	۴۶۴۷	۴۶۳۴
۴۶۴۶	۴۶۳۵	۴۶۳۶	۴۶۴۱

○ طریقۂ استخارہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ جب تم چاہو کہ اپنے خواب میں اُس حالت کو دیکھو جس میں تمہاری نجات ہو اِس تنگی سے جس میں تم مبتلا ہو۔ پہلے وضو کرے اور پاک کپڑے پہن کر داہنی طرف اس طرح لیٹے کہ منہ قبلہ کی طرف ہو اور سورۂ والشمس کو سات بار اور سورۂ واللیل کو سات بار اور قُل ھُوَ اللہُ اَحَدٌ کو سات بار۔ پھر یوں کہے کہ اے اللہ مجھ کو میرے خواب میں۔۔۔ (یہاں مقصد بیان کرے) دکھلا دیجئے اور میرے حال میں کشادگی فرمایئے اور میرے خواب میں وہ چیز دکھلایئے جس سے میں اپنی دعا کے قبول ہونے (کا یقین) دریافت کروں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ان شاء اللہ تین راتوں میں یہ حال دریافت ہو جائے گا!۔۔۔ نہ معلوم ہونے پر سات راتیں یعنی اور چار راتوں تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ (مجرب ہے)

○ برائے دفع صرع (مرگی) "خدانخواستہ جو کوئی مرگی کے مرض میں مبتلا ہو تو تانبے کی ایک چھوٹی تختی پہ اتوار کی پہلی ساعت (یعنی سورج نکلنے کے فوری بعد) کیلے" یا سی نوکدار چیز سے آیاتِ ذیل اس ترتیب سے لکھ کر مریض

کر گلے میں ڈالے۔

یَاقَہَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَاقَہَّارُ
یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَہْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَامُذِلُّ

○ دردِ نیم سر درج ذیل تعویذ کو صبح لکھ کر کنپٹی پر جہاں درد ہو باندھیں انشاء اللہ آدھے سر کا درد دور ہو جائے گا۔

اللہ محمد علی فاطمہ حسن حسین

○ دردِ سر درج ذیل تعویذ کو سر پر باندھیں

○ رو تے بچے کے لئے اِس تعویز کو سرہانے رکھیں۔

ع	ع	۱۱	ص
۹	۱۷	ع	۴
ع	۷	۶	۳
۱۵	۲۴	۲	۱

○ ناف ٹل جائے تو۔ "ان دونوں تعویزوں کو ایک ہی کاغذ پر لکھ کر اگر بتوں کا دھواں دیں اور ناف پہ باندھیں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

ح ح ح	ت ت ت
ت ت ت	ح ح

س تعویز کو سلسلہ وار پُر کریں یعنی ۸۳ ۸ کے بعد ۸۸۴ پھر ۸۸۵ ترتیب وار اور پھر اگر بتوں کا دھواں دیں۔

۸ ۸ ۸	۸۸۳	۸۹۰
۸ ۸۹	۸۸۷	۸۸۵
۸ ۸۴	۸۹۱	۸۸۶

○ حیض جاری ہونے اگر حیض رک جاتا ہو تو اس تعویز کو بائیں ہاتھ پر باندھیں۔
نمبر داری ترتیب سے لکھیں مگر نمبر نہ لکھیں۔

د ۶	۱ بدوح	ب ۸
۷ بدوح	اجب ۵ یا جبرئیل	بدوح ۳
ح	۹ بدوح	و ۴

○ آسانی ولادت کے لئے اس تعویز کو دردِ زہ کے موقع پر ڈال دیں اور لڑکے کی ولادت کے بعد فوری نکال دیں

۱۱	۵۲	۵۲	۸	۱۲	۵۶
۱۱	سلو	۸	۷	سلو	۱۱
۶	۶۲	۱	۱۵	۱ع	۱

○ دردِ شکم خدانخواستہ اگر کسی کو پیٹ کا درد ہو درج ذیل تعویز کو ترتیب وار پر کرکے ڈھال دیں اور مریض کے پیٹ پر باندھیں۔ ترتیب ۵۲۹۹۶ کے بعد ۵۲۹۹۷ پھر ۵۲۹۹۸ اس طرح تمام نقش پر کرے (اتوار یا پیر کے دن صبح پہلے

۵۳۰۰۱	۵۲۹۹۶	۵۳۰۰۳
۵۳۰۰۲	۵۳۰۰۰	۵۲۹۹۸
۵۲۹۹۷	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۹

○ دفع تپ اگر کسی کو (خدانخواستہ) بخار آتا ہو تو چاہئے
کہ درج ذیل دعا جو حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ
کی گئی ہے گیارہ بار پڑھ کر مریض پہ دم کرے اور پانی پر بھی پھونک
کر دے۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا (خود اپنے اوپر بھی دم کر سکتے ہیں)
اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ
اشْفِ وَاَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُکَ
شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا۔

○ سنگ باری (طریقہ غوثوی) خدانخواستہ کہیں بیجا ناحق
کی وجہ سے پتھر برس رہے ہوں تو چاہئے کہ پہلے خود تین مرتبہ
آیۃ الکرسی اور تین مرتبہ سورۂ فلق اور تین مرتبہ سورہ
ناس پڑھ کر خود اپنا آپ حصار باندھ لیں اور کہیں کہ
میں نے غوثوی شاہ کی اجازت سے اور صحوی شاہ کی دہائی

سے یہ عمل کیا۔ عمل ۔ اس تعویز کو نمبر واری ترتیب
سے پڑھ کریں اس طرح
مگر اس تعویز کو ہم نے
صرف اشارۃً درج کیا
ہے اصل تعویز یہ ہے

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

آپ اس تعویز کو اس تعویز کے نقش قدم پر لکھیں ۔ اور
مکان کے چاروں کونوں پر دروازوں پر اس نقش کو آویزاں
کردیں ۔

۶۲۹۰	۶۲۹۵	۶۲۸۸
۶۲۸۹	۶۲۹۱	۶۲۹۳
۶۲۹۴	۶۲۸۷	۶۲۹۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقش کو یہاں سے شروع کریں

اور اس دعا کو اس نقش پر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور

عود لوبان کا خوب دھواں دیں

لِطْلُوا اھُذٰ الرّجیم من ھٰذ المکان

اور چاروں طرف اذاں دیتے رہیں

دعائے سیدنا علی کرم اللہ وجہہ

(برائے فتوحات یہ جمعرات کو پڑھیں)

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا صَاحِبِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ یَا مُوْنِسِیْ فِیْ وَحْدَتِیْ یَا حَافِظِیْ فِیْ نِعْمَتِیْ یَا وَلِیِّیْ فِیْ نَفْسِیْ یَا کَاشِفَ کُرْبَتِیْ یَا مُسْتَمِعَ دَعْوَتِیْ یَا رَاحِمَ عَبْرَتِیْ یَا مُقِیْلَ عَثْرَتِیْ یَا اِلٰھِیْ یَا التَّحْقِیْقِ یَا رُکْنِیَ الْوَثِیْقِ یَا جَارِیَ الصَّدِیْقِ یَا مَوْلَایَ الشَّفِیْقِ یَا رَبَّ الْبَیْتِ الْعَتِیْقِ ٥

اَخْرِجْنِیْ مِنْ حَلَقِ الْمَضِیْقِ اِلٰی سَعَۃِ الطَّرِیْقِ وَفَرَجٍ مِّنْ عِنْدِکَ قَرِیْبٌ وَّثِیْقٌ وَاکْشِفْ عَنِّیْ کُلَّ شِدَّۃٍ وَّ ضِیْقٍ وَاکْفِنِیْ مَا اُطِیْقُ وَمَا لَا اُطِیْقُ اَللّٰھُمَّ فَرِّجْ

عَنِّیْ كُلَّ هَمٍّ وَّغَمٍّ وَّاَخْرِجْنِیْ مِنْ كُلِّ حُزْنٍ
وَّكَرْبٍ يَا فَارِجَ الْهَمِّ وَيَا كَاشِفَ الْغَمِّ
وَيَا مُنْزِلَ الْقَطْرِ وَيَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ
الْمُضْطَرِّيْنَ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
وَرَحِيْمَهُمَا صَلِّ عَلٰى خِيْرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ
مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَفَرِّجْ عَنِّیْ
مَا قَدْ ضَاقَ بِهٖ صَدْرِیْ وَعِيْلَ فِيْهِ
صَبْرِیْ وَقَلَّتْ فِيْهِ حِيْلَتِیْ وَضَعُفَتْ
لَهٗ قُوَّتِیْ يَا كَاشِفَ كُلِّ ضُرٍّ وَّبَلِيَّةٍ وَ
يَا عَالِمَ كُلِّ سِرٍّ وَّخَفِيَّةٍ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ
اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ وَمَا تَوْفِيْقِیْ
اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ٥-

حمل

موافق النجوم کے وظائف

انگریزی تاریخ پیدائش کے حساب سے اپنا برج اور ستارہ دریافت کرکے جو اسمائے باری تعالیٰ بتائے گئے ہیں اس پر عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نفع عظیم ہوگا (مصنف)

★ ۲۱ مارچ سے ۱۹ اپریل تک ٥ حمل نشان

۱۔ برج ۔ حمل (میکھ) ARIES

۲۔ ستارہ ۔ مریخ (منگل) MAVS

۳۔ دن ۔ سہ شنبہ (منگل) TUESDAY

۴۔ مزاج ۔ گرم، خشک، آتشی، صفرا

۵۔ رنگ ۔ سفید، و مائل بہ سرخ

۶۔ نگینہ ۔ مونگا، عقیق، سرخ، فولاد

۷۔ ذات برج ۔ قوت عاقلہ (از روئے ہندی چھتری لڑنے والا)

۸۔ دوست ۔ شمس ۔ قمر ۔ مشتری

۹۔ دشمن ۔ عطارد

۱۰۔ مساوی ۔ مریخ، مشتری، زہرہ، زحل

۱۱۔ لکی نمبر ۔ 9، 54، 45، 63 (حاصل جمع کا ۹ عدد ہے لکی)

۱۲ــ وظیفہ ــــ ۹ بروز سہ شنبہ (منگل) ۲ بجے دن کو
اول و آخر درود شریف 3، 3
مرتبہ پڑھ کر یا منتقم
یا جلیل یا خافض 283
مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔

★ ۲۰ــ اپریل سے ۲۰ مئی تک ۷ ثور — نشان

۱ــ برج ــ ثور (بیرکھ) TAURUS — ♉

۲ــ ستارہ ــ زہرہ (شکر) VENUS — ♀

۳ــ دن ــ جمعہ (شکروار) FRIDAY

۴ــ دن لحاظ ستارہ چہار شنبہ WEDNESDAY

۵ــ مزاج ــــ سرد، خشک، خاکی

۶ــ رنگ ــــ سفید ــ گندمی

۷ــ نگینہ ــــ پنا ــ فیروزہ

۸ــ ذات برج ــ قوت واہمہ روح حیوانی (از روئے ہندی، ویش، حاکی)

۹ــ شرف یا اوج برج ــ ۹ قمر میں ۱۲ درجہ

۱۰۔ وبال وہبوط ۔۔ ؟ مریخ

۱۱۔ ستارہ زہرہ ۔۔ دوست ۔ ؟ عطارد ۔ زحل ۔ راس

۱۲۔ دشمن ۔۔ ؟ شمس ۔ قمر ۔ مشتری

۱۳۔ مساوی ۔۔ ؟ مریخ ۔ مشتری

۱۴۔ وظیفہ بہ لحاظ ستارہ ۔ ؟ بروز جمعہ سات بجے دن

"یالطیفُ یاحبیبُ"

۷۴ مرتبہ اول د آخر درود شریف

کے ساتھ پڑھے ۔

۱۵۔ لکی نمبر ۔۔ ؟ 6

نشان

٭ ۲۱/ مئی سے ۲۰/ جون تک ٭ جوزا

۱۔ برج ۔۔ جوزا (متھن) GEMINI — II

۲۔ ستارہ ۔۔ عطارد (بدھ) MERCURY — ☿

۳۔ دن ۔۔ چہارشنبہ (بدھوار) WEDNRDAY

۴۔ مزاج ۔۔ گرم تر ۔ بادی

۵۔ رنگ ۔۔ سبز ۔ (دھوا) ۔۔ زرد

۶۔ نگینہ ۔۔ بلور ۔۔ ہیرا

۷۔ ذاتِ بُرج ــــ قوتِ خیال (از روئے ہندی، شودر، مزدور)

۸۔ دوست بہ لحاظِ ستارہ ؟ شمس ــ زہرہ ۔ زحل ۔

۹ــ دشمن ــــ ؟ قمر

۱۰ــ مساوی ــ ؟ مریخ ۔مشتری ۔ زحل راس ۔ذنب

۱۱ــ لکی نمبر ـــــ ؟ 3

۱۲ــــ وظیفہ بہ لحاظِ ستارہ ؟ چہار شنبہ کے دن 3 بجے
اول و آخر درود شریف کے ساتھ
"یاعلیمُ یاحکیمُ" ۵۳۲ مرتبہ پڑھیں
اور دعا مانگیں ۔

۲۱/جون سے ۲۰/جولائی تک ۔ سرطان — نشان

۱ــ بُرج ـــ سرطان (کرک) CANCER — ♋

۲ــ ستارہ ـــ قمر (چندرماں) MOON — ☾

۳ــ دن ـــ دوشنبہ (پیر) MONDAY

۴ــ مزاج ـــ سرد تر ـــ آبی

۵ــ رنگ ـــ سرخ مائل بہ سیاہ، سفید، گلابی

۶ــ نگینہ ـــ لاجونتی ـــ ہیرا ۔ بلور ۔ سفید ا ۔

۷۔ ذاتِ برج۔ حواسِ ظاہرہ (از روئے ہندی برہمن نجومی، جوتش)

۸۔ دوست بہ لحاظِ ستارہ۔ ؟ شمس، مشتری، مریخ

۹۔ دشمن۔ ؟ عطارد۔ راس۔ ذنب

۱۰۔ مساوی۔ ؟ مریخ۔ مشتری۔ زہرہ۔ زحل

۱۱۔ لکی نمبر۔ ؟ 7 + 1

۱۲۔ وظیفہ بہ لحاظِ ستارہ ؟ دوشنبہ (پیر) کے دن ۸ بجے (صبح) اول و آخر درود شریف ۳۔۳ مرتبہ پڑھ کر "یا نور السموات والارض" ۳۶۰ مرتبہ پڑھیں)

★ ۲۱/جولائی سے ۲۰/اگست تک اسد — نشان

۱۔ برج۔ اسد (سنگھ) HEO

۲۔ ستارہ۔ آفتاب (سورج) APPOHHO

۳۔ دن۔ یکشنبہ (اتوار) SUNDAY

۴۔ مزاج۔ گرم۔ خشک۔ آتشی

۵۔ رنگ۔ سرخ۔ زرد۔ سفید۔ گلابی

۶۔ نگینہ ۔۔۔ لال ۔ تامڑا ۔ لپیتا ۔ یاقوت
۷۔ ذاتِ برج ۔۔ قوتِ متفکرہ (ازروئے ہندی جوتش)
۸ ۔۔ دوست ۔۔ ؟ قمر ۔ مریخ ۔ مشتری
۹ ۔۔ دشمن ۔۔ ؟ زحل ۔ زہرہ ۔ راس ۔ ذنب
۱۰ ۔ مساوی ۔ ؟ عطارد
۱۱ ۔۔ لکی نمبر ۔ ؟ 4 + ۱
۱۲ ۔ وظیفہ بلحاظ ستارہ ؟ بروز یکشنبہ (اتوار کے دن
دو بجے اول و آخر درود شریف کے ساتھ
"یا رب یا اللہ یا مالک الملک"
۲۴۲ مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔

---

* ۲۱ / اگست سے ۲۰ / ستمبر تک ۔ سنبلہ   نشان

۱ ۔ برج ۔۔۔ سنبلہ (کنیا) VIRGO   ♍
۲ ۔۔ ستارہ ۔۔ عطارد (بدھ) MERCURY   ☿
۳ ۔۔ دن ۔۔ چہار شنبہ (بدھ) WEDNES DAY
۴ ۔ مزاج ۔۔ سرد ۔ خشک ۔ خاکی
۵ ۔۔ رنگ ۔۔ زرد برنگ گوناگوں ۔ سبزہ

۶۔ نگینہ ۔ پکھراج ۔ ہیرا
۷۔ ذات برج ۔ قوت خیال (ازروئے ہندی بیس یا دلیش)
۸۔ دوست ۔ شمس ۔ زہرہ ۔ زحل
۹۔ دشمن ۔ قمر
۱۰۔ مساوی ۔ مریخ مشتری ۔ زحل ۔ راس ذنب
۱۱۔ لکی نمبر ۔ 5
۱۲۔ وظیفہ بہ لحاظ ستارہ ۔ بروز چہار شنبہ ۳ بجے دن اول وآخر درود شریف کے ساتھ "یا علیم یا حکیم" ۵۳۲ مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔

★ ۲۱/ستمبر سے ۲۰/اکتوبر تک ۔ میزان ۔ نشان

۱۔ برج ۔ میزان (تلا) LIBRA

۲۔ ستارہ ۔ زہرہ (شکر) VENUS

۳۔ دن ۔ جمعہ (شکروار) FRIDAY

۴۔ مزاج ۔ گرم تر ۔ بادی
۵۔ رنگ ۔ سبز ۔ سیاہ ۔ سفید ۔ گندمی
۶۔ نگینہ ۔ پنا ۔ فیروزہ

۷ ــــ ذات برج ــ؟ قوتِ واہمہ (از روئے ہندی شودر)

۸ ــ دوست ــ ؟ عطارد ــ زحل ــ راس

۹ ــ دشمن ــــ ؟ شمس ــ قمر ــــ مشتری

۱۰ ــ مساوی ــ ؟ مریخ ــ مشتری

۱۱ ــــ لکی نمبر ــــ ؟ 6

۱۲ ــ وظیفہ بہ لحاظِ ستارہ ــ؟ بروز جمعہ سات بجے دن اول و آخر درود شریف کے ساتھ "یالطیف یا حبیب" ۱۷۴ مرتبہ پڑھیں ۔

★ ۲۱/اکتوبر سے ۲۰/نومبر تک ، عقرب نشان

۱ ــــ برج ــــ عقرب (برچھک) SCORPIO ♏

۲ ــــ ستارہ ــــ مریخ (منگل) MARS ♂

۳ ــــ دن ــــ سہ شنبہ (منگل) TUESDAY

۴ ــــ مزاج ــــ سرد تر ــــ آبی

۵ ــــ رنگ ــــ سرخی آمیز میرونی ــ سرخ و سفید

۶ ــــ نگینہ ــــ مونگا ــ عقیق سرخ ــ فولاد ــ پنوتیا ــ مانک

۷ ــــ ذاتِ برج ــ ؟ قوت عاقلہ (از روئے ہندی برہمن نجومی)

۸ — دوست — ۹ شمس ـ قمر ـ مشتری

۹ — دشمن — ۹ ـ عطارد

۱۰ — مساوی — ۹ زہرہ ـ راس ـ ذنب

۱۱ — لکی نمبر — ۹ ۹

۱۲ — وظیفہ بہ لحاظِ ستارہ ۹ بروز سہ شنبہ ۲ بجے دن اول و آخر درود شریف کے ساتھ یا منتقم یا جلیل یا خافض ۲۸۳ مرتبہ پڑھیں اور دعا کریں۔

۲۱/ نومبر سے ۲۰ ڈسمبر تک قوس　　　　نشان

۱ — برج — قوس (دھن) SAGITARIOU

۱ — ستارہ ـ مشتری (برہسپت) JUPITER

۱ — دن — پنجشنبہ (جمعرات) THURSDAY

۴ — مزاج — گرم خشک ـ آتشی

۵ — رنگ — بزنگِ فاختہ، مثلِ زرد

۶ — نگینہ — نیلم — سرخی مائل

۷ — ذاتِ برج — قوتِ حافظہ (از روئے ہندی، چھتری)

۸ ــــ دوست ــــ شمس ـ قمر ـ مریخ

۹ ــــ دشمن ــــ عطارد ـ زہرہ

۱۰ ــــ مساوی ــــ زحل ـ راس ـ ذنب

۱۱ ــــ لکی نمبر ــــ 6

۱۲ ــــ وظیفہ بہ لحاظ ستارہ ؛ جمعرات کے دن ۲ بجے اول و آخر درود شریف پڑھ کر یا رزاق یا کریم یا مغنی ۸۷۸ مرتبہ پڑھے اور دعا کریں۔

★ ۲۱/ دسمبر سے ۲۰ جنوری تک جدی نشان

۱ ــــ برج ــــ جدی (مکر) CARRICORN

۲ ــــ ستارہ ــــ زحل (سنیچر) ہفتہ SATURDAY

۳ ــــ دن ــــ شنبہ (ہفتہ) SATURDAY

۴ ــــ مزاج ــــ سرد ـ خشک ـ خاکی

۵ ــــ رنگ ــــ زرد ـ بیرنگ سیاہ (کالا) و سفید

۶ ــــ نگینہ ــــ نیلم ـ گہرا رنگ سیاہی

۷ ــــ ذات برج ــــ قوت علم و نفس (از روئے ہندی میں)

۸ ــــ دوست ــــ عطارد، زہرہ، راس، ذنب

۹ ــ دشمن ــ؟ شمس ــ قمر ــ مریخ

۱۰ ــ مساوی ــ؟ مشتری

۱۱ ــ لکی نمبر ــ؟ 8

۱۲ ــ وظیفہ بہ لحاظ ستارہ؟ شنبہ (ہفتہ) کے دن ۷ سات بجے اول و آخر درود شریف کے ساتھ "یا کافی یا شافی" ۳۷ ۵ مرتبہ پڑھیں اور دعا کریں۔

۲۱/جنوری سے ۲۰/فروری تک ــ دلو — نشان

برج ــ دلو (کنبھ) AQUARIOUS

ستارہ ــ زحل (سنیچر) SATURN

۱ ــ دن ــ شنبہ (ہفتہ) SATURDAY

۱ ــ مزاج ــ گرم ــ تر ــ خاکی

۵ ــ رنگ ــ سبز ــ برنگ سیاہی

۶ ــ نگینہ ــ نیلم ــ گہرا رنگ سیاہی مائل

۷ ــ ذات برج ــ قوت علم و نفس (از روئے ہندی بیس)

۸ ــ دوست ــ؟ عطارد ــ زہرہ ــ راس ــ ذنب

۹ ــ دشمن ــ؟ شمس ــ قمر ــ مریخ

۱۰ــ مساوی ــ مشتری

۱۱ــ لکی نمبر ــ 8

۱۲ــ وظیفہ بہ لحاظ ستارہ ــ شنبہ (بروز ہفتہ)
سات بجے دن اول و آخر درود شریف کے ساتھ
"یا کافی یا شافی" ۳۰۷ مرتبہ پڑھیں یا دعا کریں

---

* ۲۱ــ فروری سے ۲۰/ مارچ تک حوت ــ نشان

۱ــ برج ــ حوت (مین) PISES

۲ــ ستارہ ــ مشتری (برہسپت) JUPITER

۳ــ دن ــ پنجشنبہ (جمعرات) THURSDAY

۴ــ مزاج ــ سرد، تر، آبی

۵ــ رنگ ــ زردی مائل، سفید سیاہ

۶ــ ذاتِ برج ــ قوتِ حافظہ (ازروئے ہندی برہمن)

۷ــ نگینہ ــ نیلم ــ سرخی مائل

۸ــ دوست ــ شمس ــ قمر ــ زہرہ

۹ــ دشمن ــ عطارد ــ زہرہ

۱۰ــ مساوی ــ زحل ــ راس ــ ذنب

۱۱ — لکی نمبر — ۶ 6

۱۲ — وظیفہ بہ لحاظ ستارہ ۶ جمعرات کے دن ۲ بجے اول و آخر درود شریف کے ساتھ یا رزاق یا کریم یا مغنی ۸۷۸ مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔

دعا دفع نحوست سیارگان

بوقت طلوع آفتاب و بوقت غروب آفتاب نو مرتبہ یا ایک مرتبہ درج ذیل دعا پڑھیں تو انشاء اللہ ستاروں کی گردش کے مضر اثرات سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اول و آخر درود شریف ضرور پڑھیں۔

دعا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ یا علیُّ یا عظیمُ یا ہادیُ یا قدیمُ یا جلیلُ یا متکبّرُ یا خالقَ من فی السمٰوٰتِ والارضِ اللّٰھمّ انّا نستعینک اللّٰھمّ احفظنی من نحوستِ الشّمسِ والقمرِ والمریخِ والعطاردِ والمشتریِ والزھرۃِ والزحلِ والراسِ والذنبِ بحقِّ یا اللّٰہُ یا احدُ یا صمدُ یا من لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احدٌ ؕ

راہبر سمت

سفر کرنے والے حضرات درج ذیل شعر پر حتی الامکان عمل کریں۔

شرق در شنبہ ۔ دو شنبہ جمعہ یکشنبہ غروب
سہ چہار اندر شمال و پنجشنبہ در جنوب

یعنی ۔ ہفتہ اور پیر کے دن مشرق کی سمت سفر مناسب نہیں
اور جمعہ و اتوار کے دن مغرب کی سمت جانا بہتر نہیں
اور منگل و چہارشنبہ کے دن شمال کی سمت نہ جائیں
اور جمعرات کے دن جنوب کی طرف سفر کرنا کچھ ٹھیک نہیں"

نوٹ ۔ مشرق، مغرب اور شمال و جنوب کا تعین آپ اپنے گھر سے کریں اگر اتفاقاً جانا ہی ضروری ہو تو دو رکعت جیسا کہ ہر سفر کے آغاز پر پڑھی جاتی ہے پڑھکر رد بلیات کے لئے اور خیر و عافیت کے ساتھ سفر مبارک ہونے کے لئے دعا کریں اور "پان" یا "آئی" کے دانے کا استعمال کریں کھائیں یا ساتھ رکھیں۔

معوذتین

سورہ فلق ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ
النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ
اِذَا حَسَدَ ۙ

سورۃ ناس۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ
اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۙ
الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مریض پہ تین تین دفعہ پڑھکر پھونکیں شفا ہوگی۔

خواب آور نیند آنے کے لئے | درج ذیل تعویذ کو تحریر کر کے جس کو نیند نہ آتی ہو گلے میں ڈالیں۔

عود لوبان کا دھواں دیں) انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔
(عمل غوثوی)

۷۸۶

تَحْسَبُهُمْ	اَيْقَاظًا	وَهُمْ	رُقُوْدٌ
۵ ۲۱	۱۰۱۳	۵۱	۳۱۰
۵ ۲	۳ ۰۹	۵ ۲۲	۱۰ ۱۲
۳۰ ۸۰	۴ ۹	۱۰۱۵	۵۲۳
۱۰۱۴	۵ ۲۴	۳۰۷	۵ ۰

بحق علیقا ملیقا

برائے خیر و برکت حفاظت یا ترقی دکان کے لئے | درج ذیل

نقش کو لکھ کر عود لوبان کا خوب دھواں دے کر دکان یا مکان میں لگائیں انشاء اللہ خوب ترقی اور برکت ہوگی۔ اور حفاظت کے لئے بھی مجرب ہے۔

(عملِ غوثوی)

۷۸۶

یا اللہ

رزاق	۳۲۱	۳۱۸	۳۱۵
۳۱۹	۳۱۴	۳۰۹	۳۲۰
۳۱۳	۳۱۶	۳۲۳	۳۱۰
۳۲۲	۳۱۱	۳۱۲	۳۱۷

حصولِ اولاد: اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو۔ اور اگر ہوتی بھی ہے تو زندہ نہ رہتی ہے۔ اور۔ اولادِ نرینہ نہ ہوتی ہو۔ ایسی صورت میں عمل ہذا ۶ دن ح ۱۵ میں نویں دن حسبِ ذیل طریقہ سے جاری رکھیں۔ ہلالی مہینہ کی پہلی جمعرات کے دن سے عمل شروع کریں۔

روزانہ ایک سیب کو لے کر بعد نماز مغرب (۹۰

نو سو مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھ کر سیب پر دم کریں۔
وظیفہ یہ ہے :۔ "حٰمٓ الامر لا یجا النصر لا"
آدھا شوہر اور آدھا بیوی کھائیں پوست نہ نکالیں۔
البتہ بیج نکال سکتے ہیں۔ عمل پڑھتے وقت سیب سامنے ہے

نوٹ :۔ ایام حیض میں عورت کو ہر روز تین یوم
لاالگر کا شربت پلائیں اور چوتھے روز گرمیں بڑ کا دودھ
ملا کر ریٹھے کے بیج کے برابر گولی بنا کر سات یوم نہار
کھلائیں ۔ اس عمل سے بانجھ عورت کا کیڑا مر جاتا ہے
(بہت مجرب ہے)

ماہواری روکنے کا عمل

اگر ایام ماہواری زیادہ جاری ہوں تو "دھتورے کے پتے" کے عرق سے اس تعویذ کو لکھ کر کمر میں باندھیں فوری فائدہ ہو گا۔

۵۱ عو	۵۸ عو	۲	۷
۶	۳	۵۵ عو	
۵۸ عو	۵۲ عو	۸	۱
۳	۵	۵۳ عو	۵۶

○ دُعا دسِ محرم الحرام، یوم عاشورہ | بہتر ہے کہ ہر ماہ ہلالی یا ہر ماہ انگریزی

کی پہلی یا دوسری تاریخ کے دن یا ہر نئے ہجری یا عیسوی سال کے دن ۲ دو رکعات تو یہ کی نیت سے نماز پڑھ کر دو رکعت نماز برائے ردِ بلیات و فتوحات کے پڑھ کر مہینہ اور سال اچھا گزرنے کی دعا مانگیں۔

○ یوم عاشورہ۔ اس دن روزہ رکھنے کا بڑا ثواب ہے اسی طرح سید الشہداء حضرت سیدنا امام حسین و آل حسین علیہم السلام اور شہدائے کربلا کے لئے ایک پارہ قرآن پڑھ کر اس کا ثواب انھیں بطور تحفہ پہونچائیں۔ اور میٹھا یا شربت تقسیم کریں۔

اور ہو سکے تو ۲ دو رکعت نماز پڑھ کر اس کا ثواب انھیں بخشیں اور اس دن کوئی خوشی کا کام نہ کریں۔

ان کی یاد میں اشعار پڑھیں۔ اور مغموم رہیں ؎

شاہ ہست حسینؑ بادشاہ ہست حسینؑ
دین ہست حسینؑ دیں پناہ ہست حسینؑ

سر داد نہ داد دست در دستِ یزید
حقا کہ بنائے لا الٰہ ہست حسینؑ

●

نظامِ وحدتِ ملت فنا بہ کثرت ہے
حسینؑ ابن علی کی پھر اب ضرورت ہے
وہ شاہِ صبر و رضا وہ مجاہدِ اسلام
ہزار اس پہ درود و ہزار اس پہ سلام

○ دعا یوم عاشورہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ سُبْحَانَ
اللّٰهِ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ
وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَأَ
مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ
الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ
كُلِّهَا اَسْأَلُهُ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

○ اور اس دعا کو بھی ساتھ ملالیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ اُمِّهٖ سَيِّدَةِ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

وَاَبِيْهِ سَيِّدِنَا عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

وَجَدِّهٖ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وَبَنِيْهِ سَيِّدِ السَّادَاتِ الْكِرَامِ فَرِّجْ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْكَسَلِ

وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ
وَاحْفَظْنِي مِنْ اَعْيُنِ النَّاظِرِيْنَ وَقُلُوْبِ
الْحَاسِدِيْنَ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ـ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى
خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

○ دعا ماہ صفر، صفر المظفر کی پہلی تاریخ کو

صبح اشراق کے وقت، دو رکعات نماز توبہ کی نیت سے پڑھیں اور پھر دو رکعات نماز ردّ بلیات کی نیت سے پڑھیں اور ہر بلا و ہر آفت سے محفوظ رہنے کے لئے خدا سے دعا مانگیں ـ اور اگر ممکن ہو تو یہ دعا پڑھیں ـ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ـ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْۤ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذَا الشَّهْرِ
وَمِنْ كُلِّ شِدَّةٍ وَّبَلَاءٍ وَّبَلِيَّةٍ الَّتِيْ
قَدَّرْتَ فِيْهِ يَا دَهْرُ يَا دَيْهُوْرُ يَا
دَيْهَارُ يَا رَبَّ الدُّهُوْرِ يَا كَانَ

دَ يَا الْبُنْ وَ يَا الْكِنْيَانُ يَا اَوَّلُ يَا
آخِرُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيْدُ يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ يَا غَفُوْرُ الْوَدُوْدُ يَا ذُو
الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالٌ لِمَا يُرِيْدُ
اَنْتَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ ـ

اَللّٰهُمَّ اَحْرُسْ بِعَيْنِكَ نَفْسِيْ
وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ وَوَلَدِيْ وَدِيْنِيْ
وَدُنْيَايَ الَّتِيْ بْتَلَيْتَنِيْ بِصُحْبَتِهَا
بِحُرْمَةِ الْاَبْرَارِ وَالْاَخْيَارِ بِرَحْمَتِكَ
يَا عَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا كَرِيْمُ
يَا سَتَّارُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ ـ

اَللّٰهُمَّ يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى
يَا شَدِيْدَ الْمِحَالِ يَا عَزِيْزُ يَا
كَرِيْمُ ذَلَّلْتَ لِعِزَّتِكَ جَمِيْعَ
خَلْقِكَ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ
يَا مُنْعِمُ يَا مُكْرِمُ يَا لَا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد وبارک وسلم

تین مقدس راتیں

○ **شبِ معراج** - اِس رات حق سبحانہ تعالیٰ نے اپنے بندہ خاص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جہانِ اِمکان سے لا مکان تک سیر کروادی - پیر و مرشد حضرت صحوی شاہ علیہ الرحمۃ اپنی معرکۃ الآرا تصنیف "سیر عبدیت" میں یوں رقمطراز ہیں کہ - جہاں حق نے صورت احمدیؐ میں اپنے آپ کو ملاحظہ فرمایا وہیں - ذاتِ محمدی نے عینِ اَحَدْ ہو کر قَابَ قوسین اَوْ اَدنیٰ کے حجابِ مبین میں خود اپنے ہی سراپا کو دیکھ لیا۔

ایک آئینہ تھا اک شخص تھا دونوں اکٹھے
کچھ وہ مضمون پُر اسرار تھا معراج کی شب

بوقتِ معراج حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین عطیے بھی مرحمت ہوئے - ایک سورہ بقر کی آخری آیتیں یعنی لِلّٰہ مَا فِی السَّمٰوٰاتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ تا اَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِیْن جن میں اسلام کے عقائد و ایمان کی تکمیل اور اس کے مصائب

کے خاتمہ کی بشارت ہے۔ دوسرے یہ خوشخبری کہ جو مشرک نہیں ان کے لئے مغفرتِ ذُنوب کا وعدہ (بشرط توبہ) تیسرے روزانہ پانچ وقتوں کی فرض نمازیں۔

الحاصل ـــــ ہم عشا اور وتر کے درمیان دو رکعات نماز نفل شب معراج کی نیت سے پڑھیں سورہ بنی اسرائیل کی ابتدائی آیتیں سُبۡحَانَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا۔ اگر یاد ہو تو پہلی رکعت میں بعد سورت فاتحہ کے پڑھیں۔ اور دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کہ سورۂ نجم کی ابتدائی اٹھارہ آیتیں پڑھیں یعنی وَالنَّجۡمِ اِذَا ھَوٰی تا لَقَدۡ رَاٰی مِنۡ اٰیٰتِ رَبِّہِ الۡکُبۡرٰی تک پڑھیں۔ اگر یاد نہ ہو تو۔ قرآن میں دیکھ کر پڑھیں۔ اور دو ۲ رکعات نماز شکرانہ پڑھیں کے حق سبحانہ تعالیٰ نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں ہم کو۔ نظر کے ساتھ تین عطیئے بھی عنایت کئے ہیں۔ یاد رکھئے کہ اس دن نماز فجر قضاء نہ ہونے پائے۔ ٥٥٥ یہ رات جاگنے کی رات نہیں۔

بالفرض کوئی جاگ کر عبادت کرنا چاہتا ہے تو برا نہیں عین عبادت ہے۔

○ **شب برات (جاگنے کی رات)** قضا و قدر کے ساتھ مغفرت کی رات ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں شب آئے تو اس رات کو عبادت کرو اور اس دن روزہ رکھو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس رات کو آسمانِ دنیا پر اجلال (نزول) فرماتا ہے۔ اور کہتا ہے۔

"ہے کوئی مغفرت کا طالب کہ میں اس کو بخش دوں۔؟"

"ہے کوئی رزق کا جویا کہ میں اس کو رزق دوں؟"

"اور ہے کوئی مصیبت زدہ کہ میں اسکو نجات دوں؟"

اور ہے کوئی ایسا اور ویسا حق تعالیٰ یہ کہتے ہیں یہاں تک کہ صبح نمودار ہوجاتی ہے۔؟"

بارگاہِ خداوندی میں ہم دو ۔ دو رکعت نماز

پڑھ کر ہی اپنی حاجت کو طلب کریں۔
مثلاً — دو رکعات نماز — توبہ کی نیت سے پڑھیں۔
دو رکعات نماز — سلامتی ایمان کی نیت
سے پڑھیں۔
دو رکعات نماز — وسعت رزق کی نیت
سے پڑھیں۔
دو رکعات نماز — درازیٔ عمر کی نیت سے
پڑھیں۔
دو رکعات نماز — "مصیبت سے نجات"
کے لئے پڑھیں۔
دو رکعات نماز ماں، باپ بھائی بہن رشتہ داروں
کی درازیٔ عمر کے لئے پڑھیں۔
دو رکعات نماز — شادی۔ یا حصول ملازمت
کی نیت سے پڑھیں۔
دو رکعات نماز — ادائے قرض کی نیت
سے پڑھیں۔
دو رکعات نماز — جو لوگ گزر گئے ہیں

انھیں ثواب پہونچانے کی نیت سے پڑھیں۔
دو رکعات نماز ردبلیات و آفات کی نیت سے پڑھیں۔
دو رکعات نماز نفل ـــ "شب برات" کی نیت سے پڑھیں ـــ یا بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین تین بار پڑھیں۔ اور پھر اس دعا کو سجدہ میں سر رکھکر پڑھیں۔ اگر یاد نہ ہو تو دیکھ کر تعدہ میں سر جھکا کر ادب سے پڑھیں۔

(اَللّٰھُمَّ) سَجَدَ لَکَ خَیَالِیْ وَسَوَادِیْ وَاٰمَنَ فُؤَادِیْ فَھٰذِہٖ یَدِیْ وَمَا جَنَیْتُ بِھَا عَلٰی نَفْسِیْ یَا عَظِیْمُ یُرْجٰی بِکُلِّ عَظِیْمٍ اِغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ سَجَدَ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَصَوَّرَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ۔

(اَللّٰھُمَّ) اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰی نَفْسِكَ۔

اور اس دعا کو کثرت سے پڑھیں جو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بطورِ خاص پڑھنے کے لئے کہا تھا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ (یا کریم)

اس دعا کو ایسے بھی پڑھا جاتا رہا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یا کریم۔

شب برات کے دن گزرے ہوئے لوگوں کے نام سے فاتحہ دیں اور گھر صاف ستھرا رکھیں۔ خوشبو جلائیں اور بعد نماز عشاء یا فجر کے بعد قبرستان پہونچ کر رشتہ داروں کی مزارات پر پھول ڈالیں اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔

قبروں کی زیارت نہ کرنے کا نتیجہ ہے کہ آج قبرستانوں کا حال تباہ و برباد ہے بلکہ بعضے قبرستانوں کی جگہ اب انسانی آبادی نے لے رکھی ہے (اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا)

○ شب برات میں تہجد کی نماز اور صلوۃ التسبیح ضرور پڑھے۔

○ نماز تہجد چاہے تو دو رکعات پڑھیں یا چار رکعات یا آٹھ رکعات یا بارہ سے زیادہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

تہجد کی نماز کے بعد دس مرتبہ اس تسبیح کو پڑھیں

اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَّسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

○ صلوۃ التسبیح۔

حضور اکرمؐ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو یہ نماز سیکھائی اور فرمایا کہ اگر تم سے ہو سکے تو ہر روز ایک مرتبہ ورنہ ہفتہ میں ایک بار یا مہینہ میں ایک دفعہ پڑھ لیا کرو اور یہ بھی نہ ہو سکے تو تمام عمر میں ایک بار تو پڑھ لو۔

الحاصل صلوۃ التسبیح کی بڑی فضیلت آئی ہے چار رکعات صلوۃ تسبیح ایک سلام سے پڑھی جائے۔

طریقۂ نماز (صلوٰۃ التسبیح) اس طرح ہے پہلے صلوٰۃ التسبیح کی نیت کرلی جائے اور اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھ لیں اور (ثنا) یعنی سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ پڑھ کر پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پڑھیں (تعوذ) اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ پڑھ کر (تسمیہ) پڑھیں اور پھر سورہ فاتحہ کے بعد جو بھی سورہ یاد ہو پڑھ کر دس مرتبہ پھر وہی تسبیح یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ تا اللّٰہ اکبر پڑھیں۔ پھر رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم کے بعد دس مرتبہ پھر رکوع سے سر اٹھا کر دس بار پھر سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہنے کے بعد دس مرتبہ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر دس مرتبہ

پھر دوسرے سجدہ میں دس بار پھر دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ سے پہلے پندرہ بار اور بعد میں کوئی بھی سورہ پڑھ کر دس بار وہی تسبیح دہرائیں پھر رکوع و

سجود میں پہلے کی طرح دس دس مرتبہ پڑھا کریں اس طرح کہ ہر رکعت میں پچھتر بار تسبیح پڑھی جائے۔

○ شبِ قدر۔ شبِ قدر وہی رات ہے جس میں قرآن کریم بلکہ ساری آسمانی کتابیں نازل ہوئیں، قرآنِ حکیم اولاً لوحِ محفوظ سے آسمانِ دنیا پر اور پھر جستہ جستہ اور بتدریج قلبِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کا نزول (۲۳) سال میں مکمل ہوا۔

قرآن کہتا ہے کہ یہ رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے جس میں فرشتوں اور روح کا نزول ہوتا ہے اپنے ربّ کی طرف سے بھلائی اور امرِ خیر کو لئے یہاں تک کہ فجر نمودار ہو جاتی ہے۔

○ اعمالِ شبِ قدر۔ چار رکعات نفل ایک ہی سلام سے ادا کی جائے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قدر تین مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ کا سورہ) سات مرتبہ پڑھیں۔ اور ـــــ پھر نمازِ فجر سے کچھ پہلے چار رکعات نفل پڑھیں اور ہر رکعت میں سورہ قدر تین مرتبہ اور دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں ختمِ نماز کے بعد سجدہ میں جاکر ۱۰ مرتبہ سبحان اللہ کہیں۔

اس کے علاوہ شب قدر میں صلوٰۃ التسبیح کی نیت سے بھی چار رکعت نماز پڑھی جائیں۔

الحاصل قبولیت دعا اور استغفار اور حصولِ مقاصد کے لئے اِس رات جس قدر بھی استفادہ کیا جائے کم ہے چونکہ یہ رات تقسیم انعام واکرام کے لئے عام ہے سہ

"خیر جو کیجئے بے حساب ہے آج"

بادشاہا جرم ما را عفو دار
ما گنہگاریم تو آمرزگار

C اعمالِ جمعہ۔ جمعہ کے دن عیدالفطر اور عیدالضحیٰ سے بھی افضل ہے۔ حضور اکرم نے فرمایا کہ جمعہ کا دن تمام دِنوں کا سردار ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بزرگ ہے (ابن ماجہ)

حضورؐ نے فرمایا کہ اے مسلمانو! اس دن کو اللہ تعالیٰ نے (تمہارے لئے) عید مقرر فرمایا ہے پس اِس دن غسل کرو۔ اور جس کے پاس خوشبو ہو وہ خوشبو لگائے

نمازِ جمعہ۔ فرض عین ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن کثرت سے درود پڑھنے کے لئے

فرمایا ہے۔
لہٰذا۔۔۔ اعمال جمعہ میں تمام وظائف سے افضل یہ ہے کہ اس دن زیادہ سے زیادہ آنحضورؐ پہ درود بھیجا جائے۔

"اگر سہام حوادث ترا نشانہ کنند
پناہ بر بحصار درودِ مصطفویؐ"
اگر تجھ کو حادثوں کے تیروں کا نشانہ بنایا جائے
حصار میں قلعۂ درودِ مصطفےٰؐ کے آجا

افضل الوظائف

○ (حدیث نبوی) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا یَسْبِقُہَا عَمَلٌ وَّلَا تَتْرُكُ ذَنْبًا۔ (ابن ماجہ عن ام ہانی رضی اللہ عنہ)
(لا الٰہ الا اللہ سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں اور لا الٰہ الا اللہ کوئی گناہ نہیں چھوڑتا جس کو مٹا دیتا نہیں)

اور ایک حدیث میں وارد ہے کہ
"اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ" یعنی
ذکر میں سب سے افضل اگر ہے تو وہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ
ہے۔

حضرت غوث الاعظم دستگیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ۔
"تو لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ کس طرح کہتا ہے جب
کہ تیرے دل میں بے شمار معبود بھرے ہیں کیونکہ اللہ کے
سوا ہر اس چیز پر تیرا اعتماد اور بھروسہ ہے وہی تیرا بت
ہے۔ (لہٰذا) قلب کے مشرک ہوتے ہوئے زبان کی توحید
تجھے فائدہ نہ دے گی۔ جب دل گندہ ہو تو جسم کی صفائی
کا حاصل کچھ نہیں جو صاحب توحید ہوتا ہے وہ شیطان
کو لاغر بنا دیتا ہے اور جو مشرک ہوتا ہے اُسے شیطان
خود لاغر بنا دیتا ہے (بہرحال) جب تم لَآ اِلٰـهَ
اِلَّا اللّٰهُ کہو۔ تو اسی پر توکل اور اسی پر اعتماد کرو۔

کنز العرفان حضرت غوثی شاہ علیہ الرحمہ اپنی معرکتہ
الآرا تصنیف "کلمۂ طیبہ" میں یوں رقمطراز ہیں کہ
"اس امر کا جاننا ضروری ہے کہ خدا کا مفہوم کیا ہے

لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ کے مفہوم کو سمجھو گے تو تم کھل جائے گا
لا اِلٰہ کی احاطتِ الوہیت سے ہی نمائشِ عالم ہے
اور اس کا آئینہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو
کہ مرکزِ ذات خلق ہیں (یس) اسی آئینہ سے نمائشِ
(ذات) کا تماشا نظر آسکتا ہے ؎

جمالِ لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ دیکھتا ہے وہ
ہے جس کے آگے آئینہ محمد رسول اللّٰہ

چنانچہ ان ہی اعتبارات کے پیش نظر سیدنا غوث اعظم
دستگیر رضی اللہ عنہ نے بڑی اچھی دعا بتلائی ہے۔

"حقائق لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ"

- اِلٰہی اَظْہِرْ عَلٰی ظَاہِرِیْ سُلْطَانَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ اے میرے اِلٰہ (حاجت روا) مجھ پر لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ کو مسلط فرمادے
- وَحَقِّقْ عَلٰی بَاطِنِیْ بِحَقَائِقِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ اور میرے باطن میں لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ کے اعتبارات کو جمادے۔

- وَاسْتَغْرِقْ فِيْكَ ظَاهِرِيْ بِاِحَاطَةِ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه اور میرے ظاہر کو لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه کے احاطہ سے اپنی ذات میں گم کردے۔
- وَاحْفِظْنِی اَللّٰـھُمَّ بِكَ فِیْ مَرَاتِبِ وُجُوْدِكَ وَشُهُوْدِكَ اے اللہ اپنی ذات سے اپنے لئے اپنے مراتب وجود اور شہود کے اعتبار سے میری حفاظت فرما۔
- حَتّٰی لَآ اَشْهَدَ غَیْرَ اَفْعَالِكَ وَصِفَاتِكَ بِوَجْهِ الْحَقِّ الَّذِیْ
- لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ بِسِرِّ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه۔ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه۔

حتی کہ میں آپ کے افعال اور صفات کے سوا کسی اور کا مشاہدہ نہ کرسکوں آپ کے اس حق کے واسطے سے کہ آپ کے سوا میرا کوئی معبود نہیں اور لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه کے حیلا اور اس کے وسیلہ سے۔

نُورٌ عَلیٰ نُور

نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَی الْاِسْلَامِ مَا بَقِیْنَا اَبَدًا

سلسلہ جانشینی

★ سراج السالکین و صادقین حضرت کمال اللہ شاہ المعروف مچھلی والے شاہ رح
جانشین شمس العارفین حضرت سید سلطان محمود اللہ شاہ حسینی رح

★ کنز العرفان مجدد طریق حضرت غوثی شاہ صاحب قدس اللہ سرہ
جانشین حضرت کمال اللہ شاہ المعروف بہ مچھلی والے شاہ رح

★ بحر العرفان قطب ارشاد حضرت صحوی شاہ صاحب قدس اللہ سرہ
خلف و جانشین حضرت غوثی شاہ صاحب قبلہ رح

★ امام الطریقت کنز الحقائق الحاج حضرت مولانا غوثوی شاہ
صاحب مدظلہ
خلف و جانشین حضرت پیر صحوی شاہ صاحب علیہ الرحمہ
و سجادہ نشین سلسلہ صحویہ و غوثیہ کمالیہ

اسماء:- حضرت مولانا الحاج صحوی شاہ رح

صَلُّوا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

گئے عرش سے بھی پرے نبیؐ رہی فاصلوں میں نہ حد کوئی
یہ تھی سیر ان کے عروج کی کبھی اس طرف تو ادھر کبھی
وہی مبتدی تو وہ منتہی

بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ

یہ تھی ان کے حسن کی چاندنی کہ ہر ایک چیز چمک اٹھی
یوں چمن میں آئی تھی تازگی جو ابھی کلی تھی کھل گئی
ملی ظلمتوں کو بھی روشنی

کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ

جسے حق نے بخشی ہو خواجگی جو خدا کے بعد بزرگ تھی
جو ازل سے حسنِ تمام ہی جو بہار بھی ہے تو سرمدی
کرے وصف اس کا بیاں کوئی

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ

یہ ہے شانِ صحوی حضورؐ کی کہ فرشتے جن و بشر کئی
لئے جبہہ سائی در سبھی کھڑے منتظر ہیں تمام ہی
پڑھے جس پہ حق بھی درود ہی

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

ماخذ از:- تطہیر غزل

از: حضرت صحوی شاہؒ

سلام بحضور خیر الانام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

بشیراً نذیراً سلام علیکم
سراجاً منیرا سلام علیکم
اندھیروں کو غفلت کے اک نور بخشا
ڈرایا ہنسایا سلام علیکم
ازل سے ہی اس در سے وابستگی ہے
غلاموں کے آقا سلام علیکم
بصیرت عطا کی گئی ہے تم ہی سے
تجلیٔ مولا سلام علیکم
جسے تم نے چاہا اُسے حق نے چاہا
او رحمت سراپا سلام علیکم
نگاہوں کا نور اور روحوں کی راحت
دلوں کا دُلارا سلام علیکم
وہ تم ہی تھے سو شان سے آ گئے جو
نوید مسیحا سلام علیکم
بس اب چوم لوں بڑھ کے دہلیز در کی
یہی ہے تمنا سلام علیکم
حضوری میں سر سے چلا آئے صحوی
اگر ہو بلاوا سلام علیکم